”جب تم (رمضان کا) چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب (شوال کا) چاند دیکھو تو روزہ رکھنا بند کر دو (اور) اگر مطلع ابر آلود ہو تو اس کا اندازہ لگالو (یعنی مہینہ کو تیس دن پورے کر لو)“

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : ”جب تم (رمضان کا) چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب (شوال کا) چاند دیکھو تو روزہ رکھنا بند کر دو (اور) اگر مطلع ابر آلود ہو تو اس کا اندازہ لگالو (یعنی مہینہ کو تیس دن پورے کر لو)“
[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے رمضان مہینہ داخل ہونے اور اس کے نکلنے کی علامت بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے : جب تم رمضان مہینہ کا چاند دیکھ لو، تو روزہ رکھو اگر بادل چھائے رہنے یا کوئی چیز حائل ہونے کی وجہ سے چاند نظر نہ آ سکے، تو شعبان مہینہ کو تیس دن پورے کر لو اسی طرح جب شوال کا چاند دیکھو، تو روزہ رکھنا بند کر دو اگر بادل چھائے رہنے یا کوئی چیز حائل ہونے کی وجہ سے چاند نظر نہ آ سکے، تو رمضان مہینہ کو تیس دن پورے کر لو

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4549